سی پیک اور نان سی پیک پروجیکٹ کی سیکیورٹی کے حوالے سے اجلاس۔۔
آئی جی سندھ نے اجلاس کی صدارت کی۔

کراچی 05، جون، 2022:-

آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس کراچی میں منعقدہ ایک اجلاس میں سندھ میں جاری سی پیک اور نان سی پیک پروجیکٹ سمیت دیگر پرائیویٹ پروجیکٹس سے منسلک چائنیز شہریوں/ماہرین کی سیکیورٹی امور واقدامات کا خصوصی حوالوں سے جائزہ لیا گیا اور مذید ضروری ہدایات دی گئیں۔

آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ صوبائی سطح پر ایسے تمام پروجیکٹس کی باقاعدہ فہرستیں ترتیب دیکر چائنا پاکستان راہداری پروجیکٹ اور دیگر تمام ایسے منصوبے کہ جن سے چائنیز باشندگان/شہری وابستہ ہیں ان پر سیکیورٹی کے غیر معمولی اقدامات کو تیار کردہ کنٹی جینسی پلان کے مطابق یقینی بنایا جائے اور اس ضمن میں اسپیشل برانچ سندھ تفویض کردہ جملہ فرائض کو مربوط روابط کے تحت قابل عمل بنائے۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی کراچی، ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی، ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی اسپیشل برانچ، ڈی آئی جی سکیورٹی، ڈی آئی جی ایس پی یو/سی پیک، اے آئی جی ایڈمن سی پی او سمیت اے آئی جی آپریشنز سندھ نے شرکت کی۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-